© rasailojaraid.com


نعتیہ کلام قصیدہ بُردہ کا اردو شرح و ترجمہ ہے۔ فاضل مؤلف نے پورے قصیدہ کے شعروار ترجمہ کے ساتھ اسکی لغوی تشریح بھی کی ہے۔ مگر کتاب کو اس شرح و ترجمہ سے زیادہ مصنف قصیدہ بردہ شیخؒ کے حالات اور علمی کمالات، قصیدہ کے تعارف، اور قصیدہ بردہ کے شارحین جن میں تفتازانی، زرکشی، ملاعلی قاری، قسطلانی، بیضاوی جیسے اجلہ شامل ہیں، کے تذکرہ اور تعارف نے بے حد وقیع بنا دیا ہے۔ کتاب کا یہ حصہ اردو خوان حضرات کے علاوہ عربی علوم کے طلبہ کیلئے بھی معلومات آفریں ہے۔

## مولانا محمد احسن نانوتویؒ

از جناب محمد ایوب صاحب قادری ایم۔ اے۔ صفحات ۲۸۲ قیمت ۱۲/۵۰ روپے
پتہ :- روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی۔ بی ون ایریا ۱/۹ لیاقت آباد کراچی نمبر ۱۹۔

مولانا محمد احسن نانوتویؒ انیسویں صدی عیسوی کے مشاہیر علماء میں سے ہیں۔ نہایت مفید تالیفات اور تراجم کے مؤلف اور مترجم ہیں۔ شاہ ولی اللہ کے حجۃ اللہ البالغہ وغیرہ کو سب سے پہلے انہوں نے شائع کیا۔ احیاء العلوم اور درمختار جیسی کتابوں کا ترجمہ بھی انہوں نے کیا ــــ لائق اور فاضل مصنف نے نہایت محنت جانکاہی اور تحقیق و تفصیل سے مولانا مرحوم کے منتشر حالات کو یکجا کر کے اس تذکرہ کے ذریعہ انہیں زندہ جاوید بنا دیا۔ بلاشبہ قادری صاحب نے مولانا محمد احسن نانوتویؒ کی سوانح وحالات پر مایۂ ناز سکالروں جیسی ریسرچ و تحقیق کی ہے۔ اور حق تو یہ ہے کہ سوانح نویسی کا حق ادا کر دیا ہے۔ مؤلف کو جہاں کوئی تاریخی واقعہ یا پیش رو مصنفین کے نتائج سے اختلاف ہوا، بے لاگ اس پر بھی اپنی رائے ظاہر کر دی۔ کتاب کے ضمیمہ میں مولانا مملوک العلی نانوتویؒ اور ان کے یکتائے زمانہ فرزند مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ (صدر اوّل دارالعلوم دیوبند) اور حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کے اجمالی مگر محققانہ تذکرے بھی آ گئے ہیں۔ مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی تصانیف کا تذکرہ تو گویا اہل علم کے لئے ایک نادر مخطوطہ اور انکشاف کی حیثیت رکھتا ہے۔ قادری صاحب کی یہ محنت اور کاوش ایک بہترین علمی خدمت ہے جو ہر لحاظ سے لائق ستائش ہے۔

## ۱۔ نفیر جہاد
## ۲۔ سورۃ فاتحہ کے متعلق تفسیری و علمی فوائد

۱۔ از تعلیمات مولانا جلیل احمد شیروانی خلیفہ حضرت تھانویؒ صفحات ۵۶
۲۔ از مولانا محمد نجم الحسن تھانوی۔ صفحات ۴۸ - قیمت ۳۰ ر پیسے

پہلے کتابچہ میں اسلام میں جہاد کے مقام اسکی حقیقت، غرض وغایت اور شرائط پر بحث کی گئی ہے۔ مضمون کا خصوصی نقطہ یہ ہے کہ مسلمان قوم کی ذلت اور کمزوری کی وجہ یہ ہے۔ کہ مسلمانوں نے من حیث القوم عملاً جہاد کو ترک کر رکھا ہے۔

دوسرا رسالہ مولانا نجم الحسن صاحب کے سورۃ فاتحہ پر درس قرآن کے دوران بیان کردہ افادات کا مجموعہ ہے۔ مولانا نجم الحسن صاحب اور ان کا ادارہ صیانۃ المسلمین مسجد اشرفی لاہور۔ تبلیغی رسائل وکتابچوں کی اشاعت کے ذریعہ مفید دینی خدمات میں مصروف ہیں۔ مذکورہ ہر دو رسائل کا مطالعہ مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے مساعی کو بارآور بنا دے۔ پہلا رسالہ مفت اور دوسرا ۳۰ پیسے کا ٹکٹ بھیج کر جناب وکیل احمد شیروانی۔ جامعہ اشرفیہ۔ نیلا گنبد لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔